صحابہ رہبر

یا اللہ مدد

محمد پیغمبر

# عظمت صحابہ رضی اللہ عنہم و دفاع صحابہ رضی اللہ عنہم کورس

تالیف


مولانا فرمان حیدر فاروقی


ناموس صحابہ

ناموس صحابہ کا دفاع کرتے رہیں گے
ہم جانیں صحابہ پہ فدا کرتے رہیں گے


خدام فکر احناف
چنیوٹ پاکستان
03422379391


خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KFA
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

صحابہ رضی اللہ عنہما کے دفاع کی بہت سی وجوہات میں سے سر فہرست وجہ یہ ہے کہ دین اسلام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر باقی امت تک پہنچانے میں صحابہ رضی اللہ عنہما ہی واحد ذریعہ اور واسطہ ہیں۔

اگر ان کی عدالت مجروح قرار پائے تو دین کی عمارت ہی منہدم ہو جائے گی اور دین سارا ہی غیر معتبر قرار پائے گا، نیز یہ بھی واضح رہے کہ اصحاب محمد ﷺ کی عدالت اللہ پاک ہی نے قرآن مجید میں بیان فرمائی ہے

سو وجہ یہی ہے کہ اسلام رسول اللہ ﷺ سے امت تک محفوظ پاکیزہ قلوب (صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہما اجمعین) کے ذریعہ پہنچا ہے۔

ابو عمر



Khudam e Fikr e Ahnaf Chinnot Pakistan

# صحابہ کرام رضی اللہ عنہما اجمعین کے متعلقہ 10 عقائد

اہل السنت والجماعت احناف دیوبند کا عقیدہ ہے
صحابہ کرام رضی اللہ عنہما میں سے ہر صحابی

1. مومن ہے
2. حجت ہے
3. عادل ہے
4. معیار حق ہے
5. تنقید سے بالاتر ہے
6. انتخاب خداوندی ہے
7. امت کا افضل ترین فرد ہے
8. جنتی ہے
9. محفوظ ہے
10. اجماعِ صحابہ معصوم ہے

## عظمت صحابہ و دفاع صحابہ

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان



# صحابہ ہمارے جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہ ودفاع صحابہ

پوسٹ نمبر 1

# صحابی کی تعریف

حافظ ابو الفضل شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی الشافعی رحمہ اللہ (ت 852 ھ) لکھتے ہیں:

**مَنْ لَقِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُؤْمِنًا بِهِ وَمَاتَ عَلَى الْإِسْلَامِ**

جس نے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان کی حالت میں ملاقات کی ہو اور ایمان کی حالت میں ہی اس کی وفات ہوئی ہو۔

نزہتہ النظر شرح نخبۃ الفکر لابن حجر العسقلانی: ص 133

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391


صحابہ ہماری جان ہیں
واہ صحابہ واہ
عظمت صحابہ و دفاع صحابہ
KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK
پوسٹ نمبر2
حضرت ابو سعید خدری رضؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:
لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِي فَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ
میرے اصحاب کو برا بھلا مت کہو۔ اگر کوئی شخص احد پہاڑ کے برابر
بھی سونا (اللہ کی راہ میں) خرچ کر ڈالے تو ان کے ایک مد غلہ کے
برابر بھی نہیں ہو سکتا اور نہ ان کے آدھے مد کے برابر
صحیح بخاری: حدیث نمبر: 3673
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہ و دفاع صحابہ

پوسٹ نمبر 3

**حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ**

اہل اسلام کی جماعتیں جہاد کریں گی تو ان سے پوچھا جائے گا کہ کیا تمہارے ساتھ رسول اللہ ﷺ کا کوئی صحابی بھی ہے؟ وہ کہیں گے کہ ہاں ہیں۔ تب ان کی فتح ہوگی۔ پھر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ مسلمانوں کی جماعتیں جہاد کریں گی اور اس موقع پر یہ پوچھا جائے گا کہ یہاں رسول اللہ ﷺ کے صحابی کی صحبت اٹھانے والے (تابعی) بھی موجود ہیں؟ جواب ہوگا کہ ہاں ہیں اور ان کے ذریعہ فتح کی دعا مانگی جائے گی، اس کے بعد ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ مسلمانوں کی جماعتیں جہاد کریں گی اور اس وقت سوال اٹھے گا کہ کیا یہاں کوئی بزرگ ایسے ہیں جو رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کے شاگردوں میں سے کسی بزرگ کی صحبت میں رہے ہوں؟ جواب ہوگا کہ ہاں ہیں، تو ان کے ذریعہ فتح کی دعا مانگی جائے گی پھر ان کی فتح ہوگی۔

(صحیح بخاری: حدیث نمبر: 3649)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان

KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہ و دفاع صحابہ

پوسٹ نمبر 4

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ

**خَيْرُ أُمَّتِي قَرْنِي ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ**

**میری امت کا سب سے بہترین زمانہ میرا زمانہ ہے، پھر ان لوگوں کا جو اس زمانہ کے بعد آئیں گے۔ پھر ان لوگوں کا جو اس زمانہ کے بعد آئیں گے۔**

حضرت عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے یاد نہیں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دور کے بعد دو زمانوں کا ذکر کیا یا تین کا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے بعد ایک ایسی قوم پیدا ہوگی جو بغیر کہے گواہی دینے کے لیے تیار ہوجایا کرے گی اور ان میں خیانت اور چوری اتنی عام ہوجائے گی کہ ان پر کسی قسم کا بھروسہ باقی نہیں رہے گا۔ اور نذریں مانیں گے لیکن انہیں پورا نہیں کریں گے (حرام مال کھا کھا کر) ان پر موٹاپا عام ہوجائے گا۔ (صحیح بخاری: حدیث نمبر: 3650)

**خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391**


صحابہ ہماری جان ہیں
واہ صحابہ واہ
KFA
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK
عظمت صحابہ و دفاع صحابہ
پوسٹ نمبر 5
حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ
میرے صحابہ میری امت کے لیے امان ہیں۔
جب وہ چلے جائیں گے تو میرے امت پر وہ فتنے
آ جائیں گے، جن سے اس کو ڈرایا گیا ہے۔
(صحیح مسلم 6466)
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391


صحابہ ہماری جان ہیں
واہ صحابہ واہ
KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK
عظمت صحابہ و دفاع صحابہ
پوسٹ نمبر 6
حضرت جابر بن عبداللہ ؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا
لَا تَمَسُّ النَّارُ مُسْلِمًا رَآنِي، أَوْ رَأَى مَنْ رَآنِي
جہنم کی آگ کسی ایسے مسلمان کو نہیں چھوئے گی جس نے مجھے دیکھا، یا کسی ایسے شخص کو دیکھا جس نے مجھے دیکھا ہے۔
(جامع ترمذی: حدیث نمبر: 3858)
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



صحابہ ہمارى جان ہیں
واہ صحابہ واہ
KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK
پوسٹ نمبر 7
عظمت صحابہ ودفاع صحابہ
حضرت جابر رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا
لَا يَدْخُلُ النَّارَ أَحَدٌ مِمَّنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ
جن لوگوں نے (حدیبیہ میں) درخت کے نیچے
بیعت کی ہے ان میں سے کوئی بھی جہنم
میں داخل نہیں ہوگا۔ (جامع ترمذی: 3860) یہ حدیث حسن صحیح ہے
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہ و دفاع صحابہ

پوسٹ نمبر 8

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

میرے صحابہ کو برا بھلا نہ کہو، قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کرے تو ان کے ایک مد بلکہ آدھے مد کے (اجر کے) برابر بھی نہیں پہنچ سکے گا۔

(جامع ترمذی: 3861)

یہ حدیث حسن صحیح ہے

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391


صحابہ ہماری جان ہیں
واہ صحابہ واہ
KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK
عظمت صحابہ و دفاع صحابہ
پوسٹ نمبر 9
حضرت بریدہ رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا
مَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ أَصْحَابِي يَمُوتُ بِأَرْضٍ إِلَّا بُعِثَ قَائِدًا وَنُورًا لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
میرے صحابہ میں سے جو بھی کسی سر زمین پر مرے گا تو وہ قیامت کے دن اس سر زمین والوں کا پیشوا اور ان کے لیے نور بنا کر اٹھایا جائے گا۔
(جامع ترمذی)
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391


صحابہ ہماری جان ہیں
واہ صحابہ واہ
عظمت صحابہ و دفاع صحابہ
KFA
پوسٹ نمبر 10
حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا
جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو میرے اصحاب کو
برا بھلا کہتے ہوں تو کہو: لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰى شَرِّكُمْ
اللہ کی لعنت ہو تمہارے شر پر
(جامع ترمذی)
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391


صحابہ ہماری جان ہیں
واہ صحابہ واہ
KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK
پوسٹ نمبر11
عظمت صحابہ ودفاع صحابہ
امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں
أَنَّ مَنْ أَنْكَرَ خِلَافَةَ الصِّدِّيقِ أَوْ عُمَرَ فَهُوَ كَافِرٌ
حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما
کی خلافت کا منکر کافر ہے۔
(الصواعق المحرقہ)
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہ ودفاع صحابہ

پوسٹ نمبر 12

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں۔

لا تسبوا أصحاب محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم، فلمقام أحدهم ساعة يعنى مع النبي صلى الله عليه وسلم، خير من عمل أحدكم أربعين سنة

حضرت محمد ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہما اجمعین کو برا بھلا مت کہو، کیونکہ ان کی زندگی کا رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں گذارا ہوا ایک لمحہ تمہاری چالیس سال کی عبادت سے زیادہ بہتر ہے۔

(رواہ ابن بطہ-شرح عقیدۃ الطحاوی-تحقیق علامہ احمد محمد شاکر-ص:٤١٧، مکتبۃ الریاض الحدیثۃ-ریاض)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ



KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

پوسٹ نمبر 13

# عظمت صحابہ ودفاع صحابہ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ

لا تسبوا أصحاب محمد صلى الله عليه وسلم فلمقام أحدهم ساعة خير من عمل أحدكم عمره

صحابہؓ کی خدمت نبویؐ میں ایک ساعت، تمہاری پوری زندگی سے بہتر ہے۔

(رواہ ابن ابی شیبۃ فی مصنفہ - رقم الحدیث: ۳۳۰۸۲ - ج:۱۷، ص:۳۰۷ - تحقیق شیخ محمد عوامہ عکس طباعت کراچی:۱۴۲۸ھ)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

# صحابہ ہماری جان ہیں



واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہ و دفاع صحابہ

پوسٹ نمبر 14

امام ابوبکر آجری رحمۃ اللہ علیہ (٣٦٠ھ) فرماتے ہیں

اللہ تعالیٰ نے صحابہ سے جنت کا وعدہ کیا ہے، وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، نیز اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتایا ہے کہ وہ ان سے راضی ہے اور وہ اللہ سے راضی ہیں۔ فرمان الٰہی ہے

أُولَئِكَ حِزْبُ اللَّهِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (المجادلۃ)

یہ اللہ کا گروہ ہے، یاد رکھو کہ اللہ کا گروہ ہی کامیاب ہونے والا ہے۔ (الشریعۃ: 1624/4)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



صحابہ ہماری جان ہیں
صحابہ واہ واہ
KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK
عظمت صحابہ ودفاع صحابہ
پوسٹ نمبر 15
علامہ ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ (۴۵۶ھ) فرماتے ہیں
كُلُّهُمْ عُدُولٌ فَاضِلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ
تمام صحابہ عادل فاضل اور جنتی ہیں۔
(الاحکام فی أصول الأحکام 90/5)
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 16

علامہ جلال الدین دوانی نے شرح عقائد نسفی میں لکھا ہے کہ

پھر اکابر صحابہ، ابو بکر، عمر، عثمان علی اور حسن حسین رضی اللہ عنہما وغیرہ میں سے ہر ایک کے مناقب کے متعلق صحیح احادیث موجود ہیں اور ان حضرات کے آپس میں جو اختلافات اور مشاجرات ہوئے، تو ان کی مختلف وجوہات اور تاویلات ہیں۔

فسبھم والطعن فیھم، ان کان مما یخالف الادلۃ القطعیۃ فکفر

اس لیے ان حضرات (اور اسی طرح کسی اور صحابی کو بھی) برا بھلا کہنا، جو ادلہ قطعیہ کے خلاف ہو، کفر ہے۔

(شرح العقائد النسفیۃ۔ ص: ۱۱۶ مطبع یوسفی لکھنو: بلاسنہ)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

پوسٹ نمبر 17

علامہ قرطبی نے اپنی شہرہ آفاق تفسیر میں فیصلہ کن غیر مبہم الفاظ میں لکھا ہے کہ

فمن نسبه او واحدا من الصحابة إلى كذب، فهو خارج عن الشريعة، مبطل للقرآن، طاعن على رسول الله صلى الله عليه وسلم.. ومتى الحق واحدا منهم تكذيباً فقد سب، لأنه لا عار ولا عيب بعد الكفر بالله، أعظم من الكذب. وقد لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم من سب أصحابه، فالمكذب لأصغرهم [ولا صغير فيهم] داخل في لعنة الله، شهد بها رسول الله صلى الله عليه وسلم

جس کسی نے حضرات صحابہؓ میں سے کسی ایک کے خلاف بھی زبان کھولی اور ان پر کذب بیانی کا الزام لگایا، وہ دین و شریعت سے بے تعلق ہے، قرآن مجید کو معاذ اللہ باطل کرنے والا اور رسول اللہ ﷺ پر طعن کرنے والا ہے، اور جب اس نے حضرات صحابہؓ میں سے کسی ایک کا دامن بھی کذب سے وابستہ کیا، تو گویا اس نے گالی دی، کیونکہ کفر کے بعد، جھوٹ کے الزام سے بڑھ کر کوئی عیب اور شرم دلانے کی بات نہیں ہے۔ اور بلاشبہ رسول اللہ ﷺ نے اس شخص پر لعنت فرمائی ہے، جو کسی صحابی کو نازیبا بات کہے۔ اس لئے ان میں سے چھوٹے سے چھوٹے صحابی (اور در حقیقت ان میں کوئی بھی چھوٹا نہیں ہے) کی طرف کذب اور غلط بیانی منسوب کرنے والا، اللہ کی لعنت میں داخل ہے، اس کی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے گواہی دی ہے۔

(رواہ ابن بطہ - شرح عقیدۃ الطحاوی تحقیق: علامہ احمد محمد شاکر ص: ۴۱۷ (مکتبۃ الریاض الحدیثہ - ریاض)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391


صحابہ ہماری جان ہیں
واہ صحابہ واہ
KFA
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
عظمت صحابہ و دفاع صحابہ
پوسٹ نمبر 18
جواھرُ من اقوال السلف
حضرت علیؓ، حضرت معاویہؓ، حضرت عائشہؓ حضرت طلحہؓ اور
حضرت الزبیرؓ ان سب پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو۔ ان کی باہم
لڑائی کے بارے میں خاموشی اختیار کرو۔ ان کے بارے میں
جھگڑا نہ کرو۔ اور ان کے معاملے کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دو۔
(شرح السنۃ ص 109، طبقات الحنابلۃ ص 34 ج 2)
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA

## عظمت صحابہؓ ودفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 19

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہ فرماتی ہیں کہ

سَأَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: الْقَرْنُ الَّذِي أَنَا فِيهِ، ثُمَّ الثَّانِي، ثُمَّ الثَّالِثُ

ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ سب سے بہتر کس زمانے کے لوگ ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا کہ سب سے بہتر میرے زمانہ کے لوگ ہیں، پھر ان کے بعد کے زمانہ کے لوگ اور پھر ان کے بعد کے زمانہ کے لوگ۔

معارف الحدیث۔ کتاب: کتاب المناقب والفضائل۔ باب: فضائل اصحاب النبی ﷺ۔ حدیث نمبر: 2115

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA — خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان — KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 20

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

لَا يَجْتَمِعُ حُبُّ هٰؤُلَاءِ الْأَرْبَعَةِ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِيٍّ فِي قَلْبِ مُنَافِقٍ

ان چاروں (میرے ساتھیوں اور رفیقوں ابو بکرؓ و عمرؓ اور عثمانؓ و علیؓ) کی محبت کسی منافق کے دل میں جمع نہ ہو گی۔

معارف الحدیث۔ کتاب: کتاب المناقب والفضائل۔ باب: فضائل خلفاء اربعہ۔ حدیث نمبر: 2075

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 21

KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

جلیل القدر مفسر قرآن، علامہ قرطبیؒ نے (ہارون رشید کی مجلس کا ایک واقعہ نقل کرتے ہوئے) عمر بن حبیب کے الفاظ میں) فرماتے ہیں.

وإذا كان الصحابة كذابين. فالشريعة باطلة، والفرائض والأحكام في الصيام والصلوة. والطلاق والنكاح والحدود. كلها مردودة. غير مقبولة

اگر خدانہ کرے، صحابہ کرامؓ ناقابل اعتبار ہیں، تو شریعت باطل ہے۔ تمام فرائض اور احکامات الہیہ، روزہ، نماز، طلاق، نکاح اور حدود وغیرہ سب ناقابل اعتبار اور ناقابل قبول ہیں۔

الجامع لاحكام القرآن ص: ۲۹۹، ج : ۱۶ [دار الكتب العربي للطباعة والنشر - قاهره ]۱۳۷۸ھ

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان

KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 22

حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی نے ایک مکتوب میں رقم فرمایا ہے

قرآن و شریعت را اصحاب تبلیغ نمودہ اند، اگر ایشان مطعون باشند، طعن در قرآن و در شریعت لازم می آید، قرآن جمع حضرت عثمان است علیہ الرضوان، اگر عثمان مطعون است، قرآن ہم مطعون است

قرآن و شریعت اصحاب (نبی) نے پہنچایا ہے، اگر وہ قابل اعتراض ہیں، تو قرآن مجید اور شریعت میں اعتراض اور شبہ ضروری ہوگا۔ قرآن حضرت عثمان کا جمع کیا ہوا ہے، اگر حضرت عثمان پر شبہ اور اعتراض ہے، تو قرآن پر بھی شبہ اور اعتراض ہے۔

مکتوب پنجاہ و چہارم دفتر اول جلد دوم ص: ۲۸ مرتبہ مولانا نور احمد امرتسری [ مکتبہ القدس کوئٹہ ]

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 23

**شیخ الاسلام ابن تیمیہ (۷۲۸ھ) فرماتے ہیں کہ**

هَٰذِهِ الْأَحَادِيثُ مُسْتَفِيضَةٌ بَلْ مُتَوَاتِرَةٌ فِي فَضَائِلِ الصَّحَابَةِ وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِمْ وَتَفْضِيلِ قَرْنِهِمْ عَلَى مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْقُرُونِ، فَالْقَدْحُ فِيهِمْ قَدْحٌ فِي الْقُرْآنِ وَالسُّنَّةِ

صحابہ کرامؓ کے فضائل اور ان کی مدح و ثنا اور بعد والوں پر ان کی فضیلت کے متعلق احادیث مشہور بلکہ متواتر ہیں۔ صحابہؓ پر طعن در حقیقت قرآن و حدیث پر طعن ہے۔

(مجموع الفتاویٰ : 4/430)



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 24

KFA

KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

**شیخ الاسلام ابن تیمیہ (۷۲۸ھ) فرماتے ہیں کہ**

مَنْ جَزَمَ فِي وَاحِدٍ مِنْ هٰؤُلَاءِ بِأَنَّ لَهُ ذَنْبًا يَدْخُلُ بِهِ النَّارَ قَطْعًا فَهُوَ كَاذِبٌ مُفْتَرٍ. فَإِنَّهُ لَوْ قَالَ مَا لَا عِلْمَ لَهُ بِهِ لَكَانَ مُبْطِلًا فَكَيْفَ إِذَا قَالَ مَا دَلَّتِ الدَّلَائِلُ الْكَثِيرَةُ عَلَى نَقِيضِهِ؟

جس نے کسی ایک صحابی کے متعلق بالجزم کہا کہ اس کا ایسا گناہ ہے، جس کی وجہ سے وہ قطعی طور پر جہنم میں داخل ہو گا، تو وہ جھوٹا اور بہتان باز ہے، کیونکہ یہ بات اگر وہ اس کے متعلق کرے، جس کا اسے علم نہیں، تو بھی غلط کار ہے، پھر بھلا اس کے متعلق کیسے کہہ سکتا ہے، جس کے (جہنمی ہونے کے) برعکس کثیر دلائل موجود ہیں؟

(مجموع الفتاویٰ : 432/4)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہؓ ودفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 25

## تمام صحابہ ثقہ و عدول ہیں

تمام صحابہؓ مؤمن ہیں، ان کا دین معتبر ہے، وہ دین میں ثقہ اور عادل ہیں۔ صحابہؓ کی عدالت، دین اور امانت مسلم ہے، خود اللہ تعالی نے ان کی عدالت بیان کی ہے۔ اللہ نے ان کے ذریعہ تمام امت پر حجت قائم کی ہے، انہیں دین کا راوی بنایا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اداؤں کا پیکر بنایا ہے، یوں صحابہؓ معیار ایمان بن گئے، بلکہ ایمان کی دلیل بن گئے۔

سیدنا ابو بکرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

أَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ مِنْكُمُ الْغَائِبَ

خبردار! آپ میں سے جو حاضر ہیں، وہ غائب کو پہنچادیں۔

(صحیح البخاري : 105 ، صحیح مسلم : 1679)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 26

### حافظ خطیب بغدادی ( 463 ھ ) فرماتے ہیں

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کے ایسے اعوان و انصار کا انتخاب کیا، جنہیں مخلوق میں سب سے افضل اور ایمان میں سب سے قوی بنایا۔ ان کے ذریعہ دین کے گلشن کو مضبوط کیا اور مومنوں کا بول بالا کیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے اجر جزیل واجب کر دیا اور اہل ملت پر ان کا ذکر خیر کرنا لازم کر دیا۔ روافض نے صحابہؓ کے معاملہ میں حکم الٰہی کی مخالفت کی، انہوں نے صحابہؓ کے آثار اور کاوشوں کو مٹانے کا قصد کیا، ان سے برأت کا اظہار کیا اور انہیں برا بھلا کہنے کو دین سمجھا۔

يُرِيدُونَ لِيُطْفِئُوا نُورَ اللَّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وہ چاہتے ہیں کہ اپنے منہ سے اللہ کا نور ( دین اسلام ) مٹا دیں۔
روافض کے پہلے ہم نواؤں نے بھی ایسا ہی کرنا چاہا تھا۔

وَاللَّهُ مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ اللہ تعالیٰ اپنے نور (اسلام) کو مکمل کرنے والا ہے، خواہ کافروں کو گراں گزرے

وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ جلد ہی ظالم لوگ جان لیں گے کہ وہ کس طرف لوٹ کر جائیں گے

لہذا احادیث نقل کرنے والوں اور ان میں مہارت رکھنے والوں پر ضروری ہے کہ وہ ان عظیم فتنوں، ڈگرگوں حالات اور گمراہوں کے غلبہ کے وقت صحابہ کرامؓ کے مناقب نشر کریں اور اسلام نے انہیں جو مقام و مرتبہ دیا ہے، اسے بیان کریں۔

لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَيَحْيَىٰ مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ وَإِنَّ اللَّهَ لَسَمِيعٌ عَلِيمٌ

تاکہ جو ہلاک ہو، تو دلیل سے اور جو زندہ رہے، تو دلیل سے، بلاشبہ اللہ تعالیٰ خوب سننے والا اور خوب جاننے والا ہے۔

(الجامع لأخلاق الراوي و آداب السامع : 117/2)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 27

### حضرت انسؓ سے مرفوعا مروی ہے

آيَةُ الْإِيمَانِ حُبُّ الْأَنْصَارِ وَآيَةُ النِّفَاقِ بُغْضُ الْأَنْصَارِ

انصار کی محبت ایمان کی نشانی ہے اور انصار سے بغض منافقت کی نشانی ہے۔

(السلسلة الصحيحة - حديث نمبر: 3332)

الصحيحة رقم (668) صحيح البخاري كتاب المناقب باب حب الأنصار رقم (3500) صحيح مسلم كتاب الإيمان باب الدليل على أن حب الأنصار رقم (108)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

وَاہ صحابہ وَاہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 28

KFA

## اصحاب شجرہ والے صحابہ جنتی

حضرت ہارون بن عبداللہ حجاج بن محمد ابن جریج، ابوزبیر، جابر بن عبداللہ، حضرت ام مبشر سے روایت ہے کہ اس نے نبی ﷺ کو سیدہ حفصہؓ سے فرماتے ہوئے سنا

انشاء اللہ اصحاب شجرہ میں سے کوئی ایک بھی جہنم میں داخل نہ ہوگا جنہوں نے اس درخت کے نیچے بیعت کی تھی۔ انہوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول کیوں نہیں تو آپ ﷺ نے انہیں جھڑکا تو سیدہ حفصہؓ نے عرض کیا

**وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا**

یعنی تم میں سے کوئی ایسا نہیں جو جہنم پر پیش نہ کیا جائے تو نبی ﷺ نے فرمایا تحقیق اللہ رب العزت نے فرمایا

**ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوْا وَنَذَرُ الظَّالِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا**

پھر ہم پرہیزگاروں کو نجات دے دیں گے اور ظالموں کو گھٹنوں کے بل اس میں چھوڑ دیں گے۔

(صحیح مسلم۔ حدیث نمبر:6404)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 29

### انصار کے لوگ نبی ﷺ کے با اعتماد و خاص لوگ

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

إِنَّ الْأَنْصَارَ كَرِشِي وَعَيْبَتِي وَإِنَّ النَّاسَ سَيَكْثُرُونَ وَيَقِلُّونَ فَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَاعْفُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ

انصار کے لوگ میرے بااعتماد اور مخصوص لوگوں میں سے ہیں اور لوگ تو بڑھتے چلے جائیں گے لیکن یہ کم ہوتے چلے جائیں گے لهذا ان کی نیکیوں کو قبول کرو اور ان کی خطاؤں کو معاف کر دو۔

(صحیح مسلم، باب: انصار کے فضائل کے بیان میں، حدیث نمبر: 6420)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

# عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 30

KFA

## شیخ السلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ (۷۲۸ھ) فرماتے ہیں

کفار صحابہؓ کی وجہ سے غیظ و غضب کا شکار ہوتے ہیں، اسی طرح جو شخص صحابہؓ کو لے کر غصے میں آجائے اور برا محسوس کرے، اس کا معاملہ بھی کفار والا ہے، کفار کی طرح ذلت، رسوائی اور غم اس کا مقدر ہے۔ کفار صحابہؓ سے بغض کا شکار اپنے کفر کی وجہ ہوئے اور بلا شبہ وہ شخص جو صحابہؓ سے بغض رکھنے میں کفار کا ہم نوا ہو، کافر ہی ہو سکتا ہے، کیونکہ مومن کفر کی وجہ سے رسوا نہیں ہو سکتا۔

اس اجمال کی تفصیل قرآن کریم کی اس آیت سے سمجھی جاسکتی ہے، فرمان باری تعالی ہے

**لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ**

تاکہ ان (صحابہؓ) کے ذریعہ کفار کو غیظ و غضب میں مبتلا کرے۔

یعنی صحابہؓ کے بغض میں مبتلا ہونا کفر کی مشترکہ علت ہے۔ جس طرح کافر کے لیے ضروری ہے کہ وہ صحابہؓ سے بغض رکھے، یعنی جو کفر کرتا ہے، وہ صحابہؓ سے بھی بغض رکھنے لگ جاتا ہے، اسی طرح جب کوئی بھی شخص صحابہؓ سے بغض رکھنے لگ جائے، تو وہ لازما کافر بھی ہو جاتا ہے۔ (الصارم المسلول، ص579)

صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA

# عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 31

حضرت عبداللہ بن مغفلؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اللَّهَ اللَّهَ فِي أَصْحَابِي، اللَّهَ اللَّهَ فِي أَصْحَابِي، لَا تَتَّخِذُوهُمْ غَرَضًا بَعْدِي

اللہ سے ڈرو، اللہ سے ڈرو، میرے صحابہ کے معاملہ میں، اللہ سے ڈرو، اللہ سے ڈرو، میرے صحابہ کے معاملہ میں، اور میرے بعد انہیں ہدف ملامت نہ بنانا، جو ان سے محبت کرے گا وہ مجھ سے محبت کرنے کی وجہ سے ان سے محبت کرے گا اور جو ان سے بغض رکھے گا وہ مجھ سے بغض کی وجہ سے ان سے بغض رکھے گا، جس نے انہیں ایذاء پہنچائی اس نے مجھے ایذا پہنچائی اور جس نے مجھے ایذا پہنچائی اس نے اللہ کو ایذا دی، اور جس نے اللہ کو ایذا دی تو قریب ہے کہ وہ اسے اپنی گرفت میں لے لے۔ (جامع ترمذی: 3862)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 32

حضرت معاذ بن رفاعہ رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا

أَنَّ مَلَكًا أَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ : كَيْفَ أَصْحَابُ بَدْرٍ فِيكُمْ ، فَقَالَ : أَفْضَلُ النَّاسِ ، فَقَالَ الْمَلَكُ : وَكَذَلِكَ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ

بیشک ایک فرشتہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا: تمہارے میں اصحاب بدر کی کیا شان ہے؟ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں سب سے افضل ہیں۔ تو فرشتہ نے عرض کیا: اسی طریقہ سے ہم میں بھی وہ فرشتے سب سے افضل ہیں جو غزوہ بدر میں حاضر ہوئے تھے۔

(ابن ابی شیبہ: 33010)



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 33

حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ علیہ (۷۷۴ھ) فرماتے ہیں

مَا أَحْسَنَ مَا اسْتَنْبَطَ الْإِمَامُ مَالِكٌ مِنْ هٰذِهِ الْآيَةِ الْكَرِيمَةِ : أَنَّ الرَّافِضِيَّ الَّذِي يَسُبُّ الصَّحَابَةَ لَيْسَ لَهُ فِي مَالِ الْفَيْءِ نَصِيبٌ لِعَدَمِ اتِّصَافِهِ بِمَا مَدَحَ اللّٰهُ بِهِ هٰؤُلَاءِ

اس آیت سے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب استنباط کیا ہے! کہ جو رافضی صحابہ کو برا بھلا کہتا ہے، اس کا مال فے میں کوئی حصہ نہیں، کیونکہ اس میں وہ وصف نہیں ہوتا، جو وصف اللہ تعالی نے ان (مال فے کے مستحق مومنوں) کا بیان فرمایا ہے۔

(تفسیر ابن کثیر: 73/8)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 34

KFA

امام عبد اللہ بن ادریس اودی رحمۃ اللہ علیہ (۱۹۲ھ) فرماتے ہیں

لَوْ أَنَّ الرُّومَ سَبَوْا مِنَ الْمُسْلِمِينَ مِنَ الرُّومِ إِلَى الْحِيلَةِ ثُمَّ رَدَّهُمْ رَجُلٌ فِي قَلْبِهِ شَيْءٌ عَلَى أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَبِلَ اللَّهُ مِنْهُ ذَلِكَ

اگر رومی لوگ، روم سے ”حیلہ“ تک کے تمام مسلمانوں کو قیدی بنا لیں، پھر ایک ایسا شخص، جس کے دل میں اصحاب محمد ﷺ کے متعلق ذرا بھی بغض ہو، تمام مسلمانوں کو آزاد کرا دے، تو بھی اللہ اس کا یہ عمل قبول نہیں کرے گا۔

(السنۃ للخلال: 759، وسندہ صحیح)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 35

KFA

### بدعات پر جو عالم خاموشی اختیار کرے اس کا انجام

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

إِذَا حَدَثَ فِي أُمَّتِي الْبِدَعُ، وَشُتِمَ أَصْحَابِي، فَلْيُظْهِرِ الْعَالِمُ عِلْمَهُ، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

جب میری امت میں بدعتیں اٹھیں اور میرے صحابہ کو برا کہا جانے لگے تو عالم کو اپنا علم سامنے لانا چاہیے جو ایسا نہ کرے گا اس پر اللہ کی لعنت فرشتوں کی اور سب لوگوں کی۔

(الاعتصام للشاطبی ج 1 ص 104)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 36

## امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ 150ھ کا فتویٰ

فمذهب أبي حنيفة رحمه الله عليه أن من أنكر خلافة الصديق وعمر فهو كافر على خلاف ما حكاه بعضهم وقال الصحيح إنه كافر

امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک شیخین کی خلافت کا منکر کافر ہے، اگرچہ اس مسئلہ میں بعض اس سے فتویٰ کے خلاف نقل کیا ہے۔ مگر امام ابو حنیفہؒ کے صحیح مذہب میں شیخین کی خلافت کا منکر کافر ہے۔

(الصواعق المحرقة : ص210)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ ودفاع صحابہؓ

KFA

پوسٹ نمبر 37

## امام شافعی رحمہ اللہ متوفی 202ھ کا فتوی

وواقفه الشافعي رحمه الله عليه في قوله ﴿ بكفرهم ﴾ ووافقه أيضا جماعة من الأئمة

رافضیوں پر کفر کے فتویٰ میں امام شافعیؒ اور ائمہ اہل سن کی ایک جماعت نے امام مالکؒ سے موافقت فرمائی ہے۔

(الصواعق المحرقة: ص210)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA

عظمت صحابہ ودفاع صحابہ

پوسٹ نمبر 38

## امام ابو یعلی الحنبلی رحمہ اللہ علیہ (307ھ) کا فتوی

وقال أبو يعلى الحنبلى الذى عليه الفقهاء فى سب الصحابة إن كان مستحلا كفر

کہ اگر کوئی بد قسمت صحابہ رض کو گالی دینا حلال سمجھتا ہے تو وہ فقہائے امت کے نزدیک کافر ہے.

(الصواعق المحرقۃ : ص258)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 39

## امام ابن حزمؒ 456ھ کا فتوی

إن الروافض ليسوا من المسلمين إنما هي فرق حدث أولها بعد موت النبي صلى الله عليه وسلم بخمس وعشرين سنة ،وهي طائفة تجري مجرى اليهود والنصارى في الكذب والكفروهي طوائف :أشدهم غلواً يقولون بإلهية علي بن أبي طالب والإهية جماعة معه

رافضی لوگ مسلمان نہیں۔ ان کا پہلا گروہ حضرت علیؓ کی وفات سے کئی پچیس سال بعد پیدا ہوا، یہ لوگ کذب بیانی اور اپنے کفر میں یہود و نصاریٰ کی راہ پر چلتے ہیں۔ شیعوں کا یہ فرقہ دوسرے فرقوں کی نسبت اس قدر غالی واقع ہوا ہے کہ حضرت علیؓ اور ایک جماعت کو الٰہ مانتا ہے.

(الفیصل : ج 2 ص 78)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ



## عظمت صحابہؓ ودفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 40

KFA

KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

### شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ ٣٨ھ کا فتوی

أما من اقترن بسبه دعوى أن علياً إله أو انه كان هو النبى وإنما غلط جبريل فى الرسالة فهذا لاشك فى كفره بل لاشك فى كفر من توقف فى تكفيره

جو شخص صحابہ کرامؓ کو گالیاں بکنے کے ساتھ ساتھ حضرت علیؓ کو الٰہ مانتا ہو یا یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ نبیؑ تو دراصل حضرت علیؓ تھے۔ جبریلؑ نے غلطی سے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بن عبداللہ کو رسول بنا دیا تو ایسے شخص کے کفر میں قطعاً کوئی شک نہیں، بلکہ ایسے بدبخت کے کفر توقف کرنے والا بھی بلاشبہ کافر ہے.

( الصارم المسلول : ص591 )

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



واہ صحابہ واہ

# صحابہ ہماری جان ہیں

KFA

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان

KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 41

### حافظ نووی رحمہ اللہ ٦٧٦ ھ فرماتے ہیں

اعْلَمْ أَنَّ سَبَّ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ حَرَامٌ مِنْ فَوَاحِشِ الْمُحَرَّمَاتِ سَوَاءٌ مَنْ لَابَسَ الْفِتَنَ مِنْهُمْ وَغَيْرُهُ لِأَنَّهُمْ مُجْتَهِدُونَ فِي تِلْكَ الْحُرُوبِ مُتَأَوِّلُونَ

جان لیجئے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کو برا بھلا کہنا حرام ہے اور حرام فحش گوئی میں سے ہے۔ اس مسئلہ میں سب صحابہ برابر ہیں، چاہے وہ ان فتنوں کا شکار ہوئے ہوں یا نہ ہوئے ہوں، کیونکہ وہ ان جنگوں میں اجتہاد اور تاویل کی بنا پر شریک ہوئے۔ (شرح النووي : 93/16)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 42

### علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک واقعہ لکھا ہے

ایک شخص پر موت طاری ہوئی، اسے کہا گیا کہ لاالہ الااللہ کہو، اس نے کہا میں نہیں کہہ پا رہا ہوں، کیوں کہ میں ایسے لوگوں کے ساتھ رہتا تھا جو مجھے حکم دیتے تھے کہ ابو بکرؓ و عمرؓ کو گالی گلوچ کرو۔

(شرح الصدور فی احوال الموتی القبور : 38)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 43

**ملا علی قاری رحمۃ اللہ (۱۰۱۴ھ) فرماتے ہیں**

إِنَّهُمْ يَعْتَقِدُونَ كُفْرَ أَكْثَرِ الصَّحَابَةِ، فَضْلًا عَنْ سَائِرِ أَهْلِ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ، فَهُمْ كَفَرَةٌ بِالْإِجْمَاعِ بِلَا نِزَاعٍ

تمام اہل سنت والجماعت کے برعکس روافض (امامیہ) کا عقیدہ ہے کہ اکثر صحابہ کافر ہیں، اس بنا پر روافض بالاجماع کافر ہیں، اس میں کوئی اختلاف نہیں.

(مرقاۃ المفاتیح: 7/3027)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ



## عظمت صحابہ ودفاع صحابہ

پوسٹ نمبر 44

### ملا علی قاری علیہ رحمۃ اللہ لکھتے ہیں

اہل سنت کے ہاں بعض صحابہ رضی اللہ تعالی عنہما کو کافر کہنا بھی انہیں (کافر کہنے والے کو) کفر تک لے جاتا ہے۔ (شرح شفاء ج ۲ ص ۵۲۱)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391


صحابہ ہماری جان ہیں
واہ صحابہ واہ
KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK
عظمت صحابہ و دفاع صحابہ
پوسٹ نمبر 45
امام یحی بن معین علیہ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں
کسی بھی صحابی رضی اللہ عنہما کو گالی دینے والا
دجال ہے۔ اس پر اللہ کی لعنت ہو۔
(تہذیب التہذیب ج ۹)
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 46

### امام سفیان بن سعید ثوری رحمۃ اللہ علیہ (161ھ) فرماتے ہیں

مَنْ زَعَمَ أَنَّ عَلِيًّا عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ أَحَقَّ بِالْوِلَايَةِ مِنْهُمَا فَقَدْ خَطَّأَ أَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَالْمُهَاجِرِينَ، وَالْأَنْصَارَ، وَمَا أُرَاهُ يَرْتَفِعُ لَهُ مَعَ هَذَا عَمَلٌ إِلَى السَّمَاءِ

جو یہ دعوی کرتا ہے کہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ سیدنا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے خلافت کے زیادہ حقدار تھے، اس نے سیدنا ابو بکرؓ، سیدنا عمرؓ، مہاجرین اور انصار صحابہ سب کو غلط قرار دیا۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس عقیدے کے ساتھ اس کا کوئی عمل آسمان کی طرف بلند ہو۔

(سنن أبي داود : 4630 ، وسنده صحيح)



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 47

**امام محمد بن عبد اللہ مخرمی رحمہ اللہ (242ھ) بیان کرتے ہیں**

رَأَيْتُ شُعَيْبَ بْنَ حَرْبٍ أَوْمَا إِلَى ابْنِهِ فَقَبَّلَهُ، ثُمَّ قَالَ: أَتَدْرُونَ لِمَ قَبَّلْتُ مُحَمَّدًا؟ لِأَنَّهُ قَدْ وَهَبَ نَفْسَهُ فِي نُصْرَةِ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ

میں نے شعیب بن حرب رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا، آپ اپنے بیٹے (محمد) کی طرف جھکے اور انہیں چوما، فرمایا: جانتے ہیں کہ میں نے محمد کو کیوں بوسہ دیا؟ کیونکہ اس نے اپنے آپ کو ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے دفاع کے لیے وقف کر رکھا ہے۔

(فضائل الصحابۃ لأحمد ابن حنبل : 115 ، وسندہ صحیح)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 48

### امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی رحمہ اللہ (211ھ) فرماتے ہیں

اللہ کی قسم! مجھے کبھی انشراحِ صدر نہیں ہوا کہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما پر فضیلت دوں۔ اللہ کی رحمت ہو ابو بکرؓ و عمرؓ پر، اللہ کی رحمت ہو عثمانؓ پر، اللہ کی رحمت ہو علیؓ پر۔ جو ان (سب) سے محبت نہیں کرتا، وہ ہرگز مومن نہیں۔ ہمارا سب سے بڑا عمل یہی ہے کہ ہم تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہما سے محبت کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان سب سے راضی ہو، ہمیں ان میں سے کسی ایک کا بھی مجرم نہ بنائے اور اللہ ہمیں روزِ محشر ان کی جماعت اور معیت میں جمع فرمائے، آمین، یارب العالمین!

(فضائل الصحابة لأحمد ابن حنبل : 126 ، وسنده صحيح)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 49

سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ
رسول اللہ ﷺ نے مجھے ارشاد فرمایا

**ولا تسبن أحدا من أصحابي**

اے معاذ! ہر امیر کی اطاعت کر
اور ہر امام کے پیچھے نماز پڑھ اور
میرے صحابہ کرام میں سے کسی
ایک کو بھی گالی ہرگز نہ دینا۔

(فضائل الصحابۃ لأحمد ابن حنبل) (بتخریج : السنن الکبری البیہقی: 185/8 : ح :16454)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 50

### حافظ نووی رحمہ اللہ علیہ (۶۷۶ھ) فرماتے ہیں

اعْلَمْ أَنَّ سَبَّ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ حَرَامٌ مِنْ فَوَاحِشِ الْمُحَرَّمَاتِ سَوَاءٌ مَنْ لَابَسَ الْفِتَنَ مِنْهُمْ وَغَيْرُهُ لِأَنَّهُمْ مُجْتَهِدُونَ فِي تِلْكَ الْحُرُوبِ مُتَأَوِّلُونَ

جان لیجئے کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہما کو برا بھلا کہنا حرام ہے اور حرام فحش گوئی میں سے ہے۔ اس مسئلہ میں سب صحابہ برابر ہیں، چاہے وہ ان فتنوں کا شکار ہوئے ہوں یا نہ ہوئے ہوں، کیونکہ وہ ان جنگوں میں اجتہاد اور تاویل کی بنا پر شریک ہوئے۔

(شرح النووي : 93/16)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA

عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 51

## شیخ الاسلام ابن تیمیہ علیہ الرحمہ (۷۲۸ھ) فرماتے ہیں

جو اس حد تک کہہ دے کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد سوائے معدودے چند، تمام صحابہ مرتد یا فاسق (نعوذ باللہ) ہو گئے تھے، اس کے کفر میں ذرا برابر بھی شک نہیں ہے، کیونکہ یہ ان کی ثنا و رضا پر مبنی بے شمار نصوص قرآنی کا منکر ہے، بلکہ جو (جان بوجھ کر) ایسے کے کفر میں متردد ہو، اس کا کفر بھی متعین ہے۔ اس قول کا تقاضا ہے کہ (نعوذ باللہ) یہ امت سب سے بری ہے، جسے لوگوں کی صلاح و فلاح کے لیے پیدا کیا گیا ہے، اس کے پہلے لوگ سب سے برے اور خیر القرون کی اکثریت کافر، فاسق اور شر القرون تھے۔ ایسے شخص کا کفر ضروریات دین سے ثابت ہے۔

(الصارم المسلول، ص 586.587)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

KFA — خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان — KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

پوسٹ نمبر 52

**امام ابو عبد اللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبی المالکی رحمہ اللہ (ت 671ھ) لکھتے ہیں**

فَالصَّحَابَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ كُلُّهُمْ عُدُولٌ أَوْلِيَاءُ اللهِ تَعَالَى وَأَصْفِيَاؤُهُ. وَخِيَرَتُهُ مِنْ خَلْقِهِ بَعْدَ أَنْبِيَائِهِ وَرُسُلِهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ . هٰذَا مَذْهَبُ أَهْلِ السُّنَّةِ وَالَّذِي عَلَيْهِ الْجَمَاعَةُ مِنْ أَئِمَّةِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ

تمام صحابہ رضی اللہ عنہما عادل ہیں، اللہ تعالی کے محبوب اور منتخب ہستیاں ہیں، انبیاء ورسل علیہم السلام کے بعد امت کی بہترین شخصیات ہیں یہی اہلسنت کا مذہب ہے اور اسی پر امت کے اہل علم کی جماعت متفق ہے۔

(الجامع لاحکام القرآن : ج 2 ص 2863 تحت قولہ تعالی مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ ، سورۃ الفتح : 29)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ ودفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 53

**امام ابو داؤد سلیمان بن داؤد بن الجارود الطیالسی رحمہ اللہ (ت 204ھ) روایت کرتے ہیں**

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ

إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ نَظَرَ فِي قُلُوبِ الْعِبَادِ فَاخْتَارَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَهُ بِرِسَالَاتِهِ وَانْتَخَبَهُ بِعِلْمِهِ ثُمَّ نَظَرَ فِي قُلُوبِ النَّاسِ بَعْدَهُ فَاخْتَارَ لَهُ أَصْحَابَهُ فَجَعَلَهُمْ أَنْصَارَ دِينِهِ وَوُزَرَاءَ نَبِيِّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بے شک اللہ تعالی نے بندوں کے دلوں کو دیکھا تو ان میں سے محمد ﷺ کو منتخب کیا، آپ کو اپنی رسالت کے ساتھ مبعوث کیا اور آپ کو اپنے علم کے ساتھ منتخب کیا۔ پھر اس کے بعد لوگوں کے دلوں کو دیکھا تو آپ ﷺ کے لئے اصحاب رضی اللہ عنہما کو منتخب فرمایا، ان کو دین کے معاملے میں آپ کا مددگار اور اپنے نبی ﷺ کا ان کو وزیر بنایا۔

(مسند ابی داؤد الطیالسی: ج 1 ص 130 رقم الحدیث 243)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

پوسٹ نمبر 54

امام حافظ ابو عمر یوسف بن عبد اللہ بن محمد بن عبد البر الاندلسی المالکیؒ (ت 463ھ) فرماتے ہیں

إِنَّ الصَّحَابَةَ كُلُّهُمْ عُدُولٌ مَرْضِيُّونَ وَهٰذَا أَمْرٌ مُجْتَمَعٌ عَلَيْهِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ بِالْحَدِيثِ

صحابہ رضی اللہ تعالی عنہما سب کے سب عادل ہیں، اللہ تعالی ان سے راضی ہے اور یہ ایسی حقیقت ہے جس پر محدثین کا اجماع ہے۔

(الاستذکار لابن عبد البر: ج 3 ص 301 باب ما جاء في الصيام في السفر)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 55

KFA

امام ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ بن محمد الحلم النیشابوری الشافعی رحمہ اللہ (ت 405ھ) نے

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالی کے فرمان
وَابْتَغُوا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ (المائدۃ) کے بارے میں یہ بات بیان کی ہے

لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْفُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
أَنَّ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ مِنْ أَقْرَبِهِمْ إِلَى اللهِ وَسِيلَةً

بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محفوظ صحابہ رضی اللہ عنہم نے یہ بات جان لی ہے کہ ابن ام عبد اللہ (یعنی حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) اللہ تعالی کے پاس پہنچنے کا قریب ترین ذریعہ ہیں۔

(المستدرک علی الصحیحین: ج 3 ص 37 کتاب التفسیر تحت سورۃ المائدۃ)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 56

### امام اہل السنة احمد بن حنبل علیہ الرحمہ کا موقف

من تنقص احدا من اصحاب رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم فلا ينطوي إلا
على بلية، وله خبيئة سوء، اذا قصدت الى خير الناس،
وهم اصحاب رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم حسبك

جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ میں سے کسی ایک کی تنقیص کرتا ہے اس نے اپنے اندر مصیبت کو چھپایا ہوا ہے جس کے دل میں برائی ہے اسی وجہ سے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ پر حملہ کرتا ہے حالانکہ وہ (انبیاء کے بعد) لوگوں میں سب سے بہترین انسان تھے۔

(السنة للخلال ج 2 ص 477 ص 758 قال المحقق اسناده صحیح)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 57

KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کا اجماع معصوم ہے

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اگرچہ فرداً فرداً مومن، عادل، حجت، معیار حق، تنقید سے بالاتر اور گناہوں سے محفوظ ہیں، لیکن جب کسی بات پر متفق ہو جائیں یعنی ان کا اجماع ہو جائے تو وہ اجماع، پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کی طرح معصوم ہوتا ہے۔

محقق علی الاطلاق علامہ کمال الدین محمد بن عبدالواحد بن عبد الحمید الحنفی المعروف ابن الہمام رحمہ اللہ (ت 861 ھ) لکھتے ہیں

وَقَدْ تَقَرَّرَ فِي عِلْمِ الْأُصُولِ أَنَّ إِجْمَاعَ الْأُمَّةِ سِيَّمَا إِجْمَاعُ الصَّحَابَةِ دَلِيلٌ قَطْعِيٌّ يُكَفَّرُ جَاحِدُهُ

علم اصول میں یہ بات طے شدہ ہے کہ امت کا اجماع خاص طور پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا اجماع دلیل قطعی ہے، ان کا منکر کافر ہے۔

(فتح القدیر لابن الہمام : ج 10 ص 116 کتاب الاشربۃ)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 58

## اعدائے صحابہ رضی اللہ عنہ سے براءت

جو شخص صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے ایمان، عدالت، حجیت اور حفاظت کا منکر ہو یا صحابہ پر طعن و تشنیع کرتا ہو ہم اس سے اعلان براءت کرتے ہیں۔ ہمارا اس بندے سے کوئی تعلق نہیں۔ اللہ پاک دنیا اور آخرت میں ہمیں ایسے لوگوں سے الگ رکھیں۔

امام ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامہ الطحاوی رحمہ اللہ (ت 321 ھ) لکھتے ہیں

وَنُحِبُّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا نُفْرِطُ فِي حُبِّ أَحَدٍ مِنْهُمْ وَلَا نَتَبَرَّأُ مِنْ أَحَدٍ مِنْهُمْ وَنُبْغِضُ مَنْ يُبْغِضُهُمْ وَبِغَيْرِ الْخَيْرِ يَذْكُرُهُمْ وَلَا نَذْكُرُهُمْ إِلَّا بِخَيْرٍ وَحُبُّهُمْ دِينًا وَإِيمَانًا وَإِحْسَانًا وَبُغْضُهُمْ كُفْرًا وَنِفَاقًا وَطُغْيَانًا

ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرتے ہیں البتہ کسی کی محبت میں غلو کرتے ہیں نہ کہ کسی سے براءت کرتے ہیں۔ ہم ایسے شخص سے بغض رکھتے ہیں جو ان سے بغض رکھے اور برائی سے ان کا تذکرہ کرے۔ ہم جب بھی صحابہؓ کا تذکرہ کریں گے تو خیر ہی سے کریں گے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کو دین، ایمان اور احسان سمجھتے ہیں اور ان سے نفرت کرنے کو کفر، منافقت اور سرکشی سمجھتے ہیں۔

(العقیدۃ الطحاویۃ مع الشرح المتکلم الاسلام : ص 146)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK
KFA

پوسٹ نمبر 59

## صحابہ رضی اللہ عنہ تنقید سے بالاتر ہیں

امام ابو عبد اللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبیؒ المالکی رحمہ اللہ (ت 671ھ) لکھتے ہیں

ذَهَبَتْ شِرْذِمَةٌ لَا مُبَالَاةَ بِهِمْ إِلَى أَنَّ حَالَ الصَّحَابَةِ كَحَالِ غَيْرِهِمْ. فَيَلْزَمُ الْبَحْثُ عَنْ عَدَالَتِهِمْ. وَمِنْهُمْ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ حَالِهِمْ فِي بُدَاءَةِ الْأَمْرِ فَقَالَ: إِنَّهُمْ كَانُوا عَلَى الْعَدَالَةِ إِذْ ذَاكَ. ثُمَّ تَغَيَّرَتْ بِهِمُ الْأَحْوَالُ فَظَهَرَتْ فِيهِمُ الْحُرُوبُ وَسَفْكُ الدِّمَاءِ فَلَا بُدَّ مِنَ الْبَحْثِ. وَهَذَا مَرْدُودٌ

بعض لوگ جو کسی شمار و قطار میں نہیں، کہتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا معاملہ باقی لوگوں کی طرح ہے اس لیے صحابہ کی عدالت کے متعلق بحث کی جائے گی۔ چنانچہ ان لوگوں نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ابتدائی احوال کے پیش نظریہ کہا ہے کہ اس وقت صحابہ عادل تھے لیکن بعد میں جب ان کے احوال میں تبدیلی آئی اور آپس میں جنگیں ہوئیں اور (دونوں اطراف میں) شہادتیں واقع ہوئیں تو (اس وقت) ان کے احوال سے بحث کرنا ضروری ہے۔

**امام قرطبیؒ رحمہ اللہ فرماتے ہیں ان لوگوں کی یہ بات مردود ہے۔**

(الجامع لاحکام القرآن : ج 2 ص 2863 مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ، سورۃ الفتح : 29)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391

# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 60

## تمام صحابہ رضی اللہ عنہم جنتی

حافظ ابوالفضل شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی الشافعی رحمہ اللہ (ت 852ھ) نے علامہ ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم الاندلسی القرطبی الظاہری رحمہ اللہ (ت 456ھ) کے حوالے سے لکھا ہے

اَلصَّحَابَةُ كُلُّهُمْ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ قَطْعاً. قَالَ اللهُ تَعَالَى: "لَا يَسْتَوِي مِنكُمْ مَنْ أَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِنَ الَّذِينَ أَنْفَقُوا مِنْ بَعْدُ وَقَاتَلُوا وَكُلًّا وَعَدَ اللهُ الْحُسْنَى" قَالَ تَعَالَى: "إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنَى أُولَٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ" فَثَبَتَ أَنَّ الْجَمِيعَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ. وَأَنَّهُ لَا يَدْخُلُ أَحَدٌ مِنْهُمُ النَّارَ لِأَنَّهُمُ الْمُخَاطَبُونَ بِالْآيَةِ السَّابِقَةِ

امام ابو محمد ابن حزم فرماتے ہیں: تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یقینی طور پر جنتی ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "تم لوگوں میں سے جنہوں نے فتح (مکہ) سے پہلے خرچ کیا اور جہاد کیا وہ ان لوگوں سے درجے میں زیادہ ہیں جنہوں نے (فتح مکہ کے) بعد خرچ کیا اور جہاد کیا (لیکن) اللہ تعالیٰ نے بھلائی کا وعدہ ہر ایک سے کر رکھا ہے"۔ اللہ تعالیٰ کا مزید ارشاد ہے۔

"جن لوگوں کے لیے ہماری جانب سے بھلائی کا وعدہ کیا جا چکا ہے،
وہ اس (جہنم) سے دور رکھے جائیں گے۔"

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جنتی ہیں اور کوئی صحابی بھی جہنم میں داخل نہیں ہوگا کیونکہ ماقبل والی آیت "وَكُلًّا وَعَدَ اللهُ الْحُسْنَىٰ" کے مخاطب صحابہ کرامؓ ہی ہیں۔

(الاصابة في تمييز الصحابة: ج 1 ص 10)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

KFA

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان
KHUDAMEFIKREAHNAFPAK

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 61

## صحابہ رضی اللہ عنہ کے دشمن پر لعنت

امام ابو بکر احمد بن علی بن ثابت بن احمد الخطیب البغدادی رحمہ اللہ (ت463ھ) روایت کرتے ہیں

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

إِذَا ظَهَرَتِ الْفِتَنُ أَوْ قَالَ: الْبِدَعُ وَسُبَّ أَصْحَابِي فَلْيُظْهِرِ الْعَالِمُ عِلْمَهُ فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ لَا يَقْبَلُ اللهُ لَهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا

جب فتنے یا بدعات ظاہر ہوں اور میرے اصحاب رضی اللہ عنہم کو گالی دی جائے تو پھر عالم کو اپنا علم ظاہر کرنا چاہیے۔ جو شخص اس طرح نہ کرے تو اس پر اللہ تعالی اور ملائکہ اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔ اللہ تعالی اس شخص کے نہ فرض کو قبول کریں گے اور نہ نفل کو۔

(الجامع لاخلاق الراوی و آداب السامع : ج 2 ص 118 املاء مناقب الصحابۃ ومناقبھم)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہ ؓ و دفاع صحابہ ؓ

پوسٹ نمبر 62

## صحابہ رضی اللہ عنہ کی تنقیص کرنیوالے زندیق

حضرت ابو زرعہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے تھے کہ

ینتقص احدا من اصحاب رسول اللہ ﷺ فاعلم انہ زندیق

جب تم کسی شخص کو حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی کی تنقیص کرتے ہوئے دیکھو تو سمجھ لو کہ وہ زندیق ہے۔

اور یہ اس لئے کہ اللہ کا رسول ﷺ ہمارے نزدیک حق ہے اور قرآن حق ہے۔

یہ قرآن اور نبی ؐ کی سنتیں ہم کو صحابہ ؓ ہی نے تو پہنچائی ہیں یہ زندیق لوگ چاہتے ہیں، کہ ہمارے گواہوں (صحابہ ؓ) کو مجروح کردیں۔ تاکہ کتاب وسنت کو باطل ٹھیرادیں، حالانکہ جرح ان لوگوں پر ہونی چاہیئے اور وہی اس کے مستحق بھی ہیں۔

(کتاب الکفایۃ فی علم الروایۃ للخطیب البغدادی ص ۴۹)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391



# صحابہ ہماری جان ہیں

واہ صحابہ واہ

## عظمت صحابہؓ و دفاع صحابہؓ

پوسٹ نمبر 63

### گستاخ صحابہ رضی اللہ عنہ کا علاج تلوار

علام سرخسی حنفی رحمۃ اللہ (۴۸۳ھ) فرماتے ہیں

مَنْ طَعَنَ فِيهِمْ فَهُوَ مُلْحِدٌ مُنَابِذٌ لِلْإِسْلَامِ
دَوَاؤُهُ السَّيْفُ إِنْ لَمْ يَتُبْ

جس نے صحابہ پر طعن کیا، وہ ملحد اور مخالف اسلام ہے، اگر یہ توبہ نہ کرے، تو اس کا علاج تلوار ہے۔

(أصول السرخسی : 134/2)

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان 03422379391


صحابہ رضی اللہ عنہ
صحابہ کرام رضی اللہ عنہ
کا نام سن کر خوش ہونے والو
خدا تمہاری مسکراہٹ کو سلامت رکھے
صحابہؓ ہماری جان ہیں
خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان

# صحابہ

ہمارے دل میں اب صرف وہ
ہی لوگ قیام کرتے ہیں
جو ہر جگہ صحابہ کرام کی
محبت عام کرتے ہیں

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان

معیار حق

صحابہ رضی اللہ عنہ

# دفاع صحابہ

# اور

# عظمت صحابہ

رضی اللہ عنہم

خدام فکر احناف چنیوٹ پاکستان

03422379391